نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@hotmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

کپاس کے کاشتکاروں کو منتخب تصدیق شدہ اقسام پر اربوں روپے سبسڈی کی فراہمی۔

لاہور28 مارچ2023:(   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق حکومت پنجاب کپاس کے تصدیق شدہ بیج کی ترویج اور پیداوار میں اضافہ کے لئے اربوں روپے کی سبسڈی فراہم کر رہی ہے۔اس ضمن میں کپاس کی منظور شدہ اقسام **بی ایس-15**،**سی آئی ایم-663**،**سی کے سی-1**،**سی کے سی-3**،**ایف ایچ-490**،**آئی یو بی-2013**،**ایم این ایچ-1020**،**نجی-11**،**نیاب-545**،**نیاب-878**،**نیاب-1048**،نیاب کرن کی کاشت پر رجسٹرڈ کاشتکاروں کو5 ایکڑ تک سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے۔یہ سبسڈی" پہلے آئیں۔پہلے پائیں" کی بنیاد پر دی جا رہی ہے۔یہ سبسڈی تھیلوں میں موجود واؤچر کے ذریعے رجسٹرڈ کاشتکاروں کو فراہم کی جا رہی ہے۔کاشتکار سبسڈی کے حصول کے لئے کاشتکار خفیہ واؤچر نمبر اسپیس اپنے شناختی کارڈ نمبر کے 8070 پر ایس ایم ایس کریں۔کپاس کے کاشتکاروں کو منتخب منظور شدہ بیج پر1 ہزار روپے فی بیگ سبسڈی دی جا رہی ہے۔کاشتکار سبسڈی واؤچر والا تھیلا اپنے قریبی مرچنٹ سے طلب کر سکتے ہیں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ کاشتکار کپاس کی کاشت کیلئے صرف منظور شدہ اقسام کا بیج استعمال کریں،نامنظور شدہ اور غیر قانونی بیج کے استعمال سے کپاس کی پیداوار میں نمایاں کمی ہو جاتی ہے۔کاشتکار کپاس کی کاشت یکم اپریل تا31 مئی تک مکمل کریں۔کاشتکار بی ٹی اقسام کے ساتھ 10 فیصد رقبہ نان بی ٹی اقسام بھی کاشت کریں تاکہ حملہ آور سنڈیوں میں بی ٹی اقسام کے خلاف قوتِ مدافعت نہ پیدا ہو سکے۔ترجمان نے مزید بتایا کہ کاشتکار تصدیق شدہ معیاری بیج پنجاب سیڈ کارپوریشن کے علاوہ رجسٹرڈ پرائیویٹ اداروں سے حاصل کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆